جماعت چہارم   معاشرتی علوم

باب 5

معاشیات: معاشی انتخاب

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں:

س: معاشی انتخاب سے کیا مراد ہے؟

انسان اپنی آمدنی کے مطابق اپنی لازمی ضروریات طے کرنے کے بعد فیصلہ کرتا ہے کہ اس کی کون کون سی ضروریات زیادہ اہم ہیں اور کون سی ضروریات ایسی ہیں کہ جن کے بغیر گزارہ ہو سکتا ہے۔ اس طرح کا فیصلہ معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔

س: لاگت کا فیصلہ سے کیا مراد ہے؟

فرض کریں آپ کے پاس 20 روپے ہیں۔ آپ کا دل چاہتا ہے کہ آپ جوس پی لیں جبکہ امی نے آپ کو 20 روپے کتاب خریدنے کے لیے دیے تھے۔ آپ جوس کا خیال چھوڑ کر کتاب خرید لیتے ہیں۔ جوس کا نہ خریدنا لاگت کا فیصلہ ہے کیونکہ آپ نے کتاب خریدنے کے لیے جوس چھوڑ دیا ہے

س۳ اشیاء سے کیا مراد ہے؟

اشیاء سے مراد ایسی چیزیں ہیں جن کو ہم دیکھ اور چھو سکتے ہیں اور جنہیں انسان اپنی ضروریات کو پورا کرنے اور سکون حاصل کرنے کے لیے استعمال کرے، مثلاً پھل، لباس، کار، گھر، کرسی وغیرہ۔ انسان اشیاء کو استعمال کر کے خوشی اور سکون حاصل کرتا ہے۔

س۴ خدمات کی چند مثالیں دیں؟

جب کوئی شخص اپنی ذہنی، فنی یا جسمانی صلاحیت کو استعمال کر کے دوسروں کو فائدہ پہنچاتا ہے تو یہ خدمت کہلاتی ہے۔ مثلاً ڈاکٹر کا مریض کو دیکھنا، استاد کا طلبہ کو پڑھانا، انجینئر کا پل یا سڑک بنانے کا منصوبہ، حجام کا بال کاٹنا اور مزدور کا مزدوری کرنا وغیرہ۔ بینک اور دوسرے دفتروں میں کام کرنے والے لوگ بھی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ یہ لوگ مادی اشیاء تو پیدا نہیں کرتے البتہ انسانوں کے لیے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں۔

س معاشیات کی تعریف لکھیں؟

انسان کو اپنی ضروریات اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے محدود وسائل میسر ہیں، معاشیات کا علم ان انسانی ضروریات اور خواہشات کا مطالعہ کرتا ہے اور محدود وسائل میں رہتے ہوئے ضروریات کے انتخاب سے متعلق رہنمائی کرتا ہے۔

س خدمات سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔
وہ تمام غیر مادی سرگرمیاں جو بالواسطہ طریقوں سے انسان کی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں خدمات کہلاتی ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر کا مریض کو دیکھنا، استاد کا طلبہ کو پڑھانا، انجینئر کا پل یا سڑک بنانے کا منصوبہ، حجام کا بال کاٹنا اور مزدور کا مزدوری کرنا وغیرہ۔ بینک اور دوسرے دفتروں میں کام کرنے والے لوگ بھی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ یہ لوگ کوئی مادی اشیاء تو پیدا نہیں کرتے البتہ انسانوں کے لیے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں۔

س ایک جیسی اشیاء کی قیمت اور معیار کا موازنہ کریں۔
بازار میں ایک شے کی کئی اقسام ہوتی ہیں۔ ہر چیز کی خاصیت، معیار اور قیمت ایک جیسی نہیں ہوتی۔ مثال کے طور پر بازاروں میں مختلف اقسام کے چپس اور مٹھائیاں موجود ہیں۔ ان کی قیمت، معیار اور خاصیت مختلف ہوگی۔ اچھے معیار والے چپس اور مٹھائیوں کی قیمت بھی زیادہ ہوگی جبکہ گھٹیا چیزوں کی قیمت کم ہوگی۔ اسی طرح اچھی ٹرانسپورٹ کا کرایہ زیادہ ہوتا ہے اور اچھے کپڑوں کی قیمت بھی زیادہ ہوتی ہے جبکہ سستے کپڑوں کا معیار اچھا نہیں ہوتا۔

iv- معاشی فیصلوں کی وجوہات بیان کریں۔

جواب: ہر معاشی فیصلے کے اچھے یا بُرے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ اگر آپ جوس خریدنا چاہتے ہیں اور کتاب نہیں خریدتے تو کتاب پڑھنے سے محروم ہو جائیں گے اور پڑھنے میں مشکل پیش آئے گی۔ کتاب سے آپ پورا سال فائدہ اٹھائیں گے۔ لہٰذا کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے ہمیں سوچنا پڑتا ہے کہ کون سی چیز زیادہ اہم ہے۔

v- معاشی

کرنے کے پیچھے ...

۷۔ معاشی انتخاب سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب: انسان اپنی آمدنی کے مطابق اپنی لازمی ضروریات طے کرنے کے بعد فیصلہ کرتا ہے کہ اس کی کون کون سی ضروریات زیادہ اہم ہیں اور کون سی ضروریات ایسی ہیں کہ جن کے بغیر بھی گزارہ ہو سکتا ہے۔ اس طرح کا فیصلہ معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پہ آپ کے پاس صرف 30 روپے ہیں۔ آپ چاکلیٹ اور چپس خریدنا چاہتے ہیں۔ اگر ان دونوں اشیا کی قیمت 30،30 روپے ہے تو آپ دونوں اشیا نہیں خرید سکیں گے۔ آپ کو فیصلہ کرنا پڑے گا کہ آپ دونوں میں سے کون سی چیز زیادہ پسند کرتے ہیں۔ جو

آپ دونوں میں سے کون سی چیز زیادہ پسند کرتے ہیں۔ جو چیز آپ خریدیں گے، وہ آپ کا معاشی انتخاب کہلائے گا۔
انسان معاشی انتخاب کے وقت ایک طرف کسی چیز کی خواہش اور دوسری طرف اس کی قیمت کو پیش نظر رکھتا ہے، مثلاً آپ کا دل چاہتا ہے کہ آپ آئس کریم کھائیں جبکہ آپ کو اسی قیمت میں چاکلیٹ بھی مل سکتی ہے۔ چونکہ آپ کی خواہش آئس کریم کھانا ہے آپ چاکلیٹ کی بجائے آئس کریم کا انتخاب ہی کریں گے۔

مشقی سوالات

1۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

معاشی انتخاب اور لاگت کے فیصلہ کو مدنظر رکھتے ہوئے جو فیصلہ کیا جاتا ہے اس کو

(الف) محدود خواہشات کہا جاتا ہے۔ (ب) معاشی انتخاب کہا جاتا ہے۔

(ج) ذرائع کی قلت کہا جاتا ہے۔ (د) معاشی فیصلہ کہا جاتا ہے۔

اشیاء کا معیار کم ہونے سے اُن کی ۔

(الف) طلب بڑھ جاتی ہے۔ (ب) طلب کم ہو جاتی ہے۔

(ج) قیمت خرید بڑھ جاتی ہے۔ (د) قیمت کم ہو جاتی ہے۔

3- خالی جگہ پُر کریں۔

i- ہمارے وسائل محدود ہیں۔

ii- اشیا سے مراد وہ مادی چیزیں ہیں جو ضروریات پوری کرتی ہیں۔

iii- اشیا کا معیار بڑھنے سے قیمت بڑھ جاتی ہے۔

iv- بازار میں ایک شے کی کئی اقسام ہوتی ہیں۔

4- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

i- معاشیات کی تعریف لکھیں۔

جواب: انسان کو اپنی ضروریات اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے